www.jang.com.pk
JangDotComDotPk | jangdotcom | jang_akhbar
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت پاکستان کے سرکولیشن نامہ کا ادارہ ABC CERTIFIED
THE DAILY JANG KARACHI
روزنامہ جنگ کراچی
بانی ..... میر خلیل الرحمٰن
قیمت 20 روپے
جلد 87 | جمعہ 2 رمضان المبارک 1444ھ 24 مارچ 2023ء | نمبر 83
FRIDAY MARCH 24, 2023

پروردگار پر بھروسہ

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اور (انتقام اس لئے لیا جائے گا کہ) جو لوگ ہماری آیتوں میں جھگڑتے ہیں وہ جان لیں کہ ان کے لئے خلاصی نہیں O (لوگو) جو (مال ومتاع) تم کو دیا گیا ہے وہ دنیا کی زندگی کا (ناپائیدار) فائدہ ہے اور جو کچھ اللہ کے ہاں ہے وہ بہتر اور قائم رہنے والا ہے (یعنی) ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں O

(سورۃ شوریٰ 42.....ترجمہ آیت (36،35).....(قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ کا احترام آپ پر لازم ہے)

عمران خان کی زیر صدارت اجلاس: تحریک انصاف کا پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں شرکت اور الیکشن ملتوی کرنے پر عدالت جانے کا فیصلہ

مقررہ مدت کے بعد نگراں حکومت کی کوئی گنجائش نہیں، الیکشن کمیشن نے آئین کی دھجیاں اڑا دیں، پانچوں ممبرز پر آرٹیکل 6 لگنا چاہئے، اعظم تارڑ شیطان کے وکیل بن گئے

عدلیہ پر اعتماد ہے وہ آئین سے انحراف نہیں ہونے دیگی، پوری قوم سپریم کورٹ کے پیچھے کھڑی ہے، آج عدالت عظمیٰ میں پٹیشن دائر کی جائیگی، اسد عمر، فواد، اعجاز چوہدری

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف اعلیٰ عدلیہ سے رجوع اور پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں شرکت کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کے انتخابات ملتوی کرنے فیصلے کے خلاف آج سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ عدلیہ پر اعتماد ہے وہ آئین سے انحراف نہیں ہونے دے گی، پوری قوم سپریم کورٹ کے پیچھے کھڑی ہے، سپریم کورٹ اور لاہور ہائیکورٹ بار سمیت 96 بار ایسوسی ایشنز نے فیصلے کو مسترد کیا ہے، وکلاء کی تحریک چلے گی تو تحریک انصاف ان کے پیچھے کھڑے ہو گی، مقررہ مدت کے بعد نگراں حکومت کی کوئی گنجائش نہیں، الیکشن کمیشن نے آئین کی دھجیاں اڑادیں، پانچوں ممبرز پر آرٹیکل 6 لگنا چاہئے، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ شیطان کے وکیل بن گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار اسد عمر،

باقی صفحہ 10 نمبر 42

ISI، آئی بی، ایم آئی سمیت اعلیٰ پولیس افسران کی انکوائری ٹیم 14 دن کے اندر چالان پیش کریگی، انسداد دہشتگردی ایکٹ کے تحت 2 مقدمات درج

جوڈیشل کمپلیکس حملہ، JIT قائم

عمران نے دانستہ حملہ کیا، عدالتی عملے اور پراپرٹی کو نقصان پہنچایا، انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے، وزیر داخلہ

پاک فوج کے خلاف مہم کے معاملے کی تحقیقات کیلئے خصوصی ٹاسک فورس بنانے کا فیصلہ، پولیس و قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی معاونت حاصل ہوگی

عمران نے پیشی پر ایسا ماحول پیدا کیا عدالتی کارروائی آگے نہ بڑھ سکے، آئی جی پنجاب، آئی جی اسلام آباد پر سازش کا جھوٹا پروپیگنڈا کیا، یہ ملک میں افراتفری، انارکی چاہتا ہے، رانا ثناء

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس میں حکومت نے جے آئی ٹی بنادی، آئی ایس آئی، آئی بی، ایم آئی سمیت اعلیٰ پولیس افسران کی انکوائری ٹیم 14 دن کے اندر چالان پیش کرے گی، انسداد دہشتگردی ایکٹ کے تحت 2 مقدمات درج کر لئے۔ وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان نے دانستہ حملہ کیا، عدالتی عملے اور پراپرٹی کو نقصان پہنچایا، انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے۔ ادھر پاک فوج کیخلاف مہم کے معاملے کی تحقیقات کیلئے خصوصی ٹاسک فورس بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، پولیس وقانون نافذ کرنے والے

باقی صفحہ 10 نمبر 54

آج کا اخبار 12 صفحات پر مشتمل ہے، قیمت 20 روپے

اہم خبریں

سستا پٹرول دینے کی اسکیم سبسڈی نہیں، IMF نے بھی اعتراض نہیں کیا، مصدق ملک

وزارت کو ریلیف پیکیج کا مسودہ تیار کرنے کیلئے 6 ہفتے کا وقت دیا، وفاقی وزیر پیٹرولیم

اسلام آباد (جنگ نیوز) وفاقی وزیر پیٹرولیم مصدق ملک کا کہنا ہے کہ سستا پٹرول دینے کی اسکیم سبسڈی نہیں، IMF نے بھی اعتراض نہیں

باقی صفحہ 10 نمبر 46

محکمہ موسمیات کی رمضان کا پہلا عشرہ ٹھنڈا گزرنے کی پیشگوئی

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے رمضان کا پہلا پورا عشرہ ٹھنڈا گزرنے کی پیشگوئی کردی۔ ملک کے مختلف علاقوں میں بادلوں کے

باقی صفحہ 10 نمبر 27

بھارتی ہائی کمیشن واقعہ، سکیورٹی پر نظر ثانی کی جائیگی، برطانوی وزیر خارجہ

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) برطانوی وزیر خارجہ جیمز کلیورلی نے کہا ہے کہ لندن میں بھارتی ہائی کمیشن کے عملے کے ساتھ پیش آنے والے

باقی صفحہ 10 نمبر 25

زرداری کو صدر بنانے پر کوئی بات نہیں ہوئی، خواجہ آصف

عمران نے ریاست کی طاقت کو بار بار چیلنج کیا، ایٹمی پروگرام میں ہمیں کسی کا دباؤ نہیں

کراچی (ٹی وی رپورٹ) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ادارے کے خلاف بات کو ملک دشمنی سمجھتے ہیں، آصف زرداری کو صدر

باقی صفحہ 10 نمبر 4

درجنوں امریکی شہری طالبان کی قید میں ہیں، امریکی وزیر خارجہ

کراچی (نیوز ڈیسک) امریکی وزیر خارجہ اینٹونی بلنکن نے کہا ہے کہ افغانستان میں کئی

باقی صفحہ 10 نمبر 38

برطانوی وزیراعظم نے 3 سال میں 34 کروڑ 87 لاکھ ٹیکس ادا کیا

لندن (آئی این پی) برطانوی وزیراعظم رشی سونک نے 2019 سے لے کر 2023 تک

باقی صفحہ 10 نمبر 29

صبح صادق	5:16		
فجر	5:50	اہل تشیع کیلئے	
جمعہ	1:30		
عصر	5:30	فجر	5:21
مغرب	6:45	جمعہ	1:30
عشاء	8:30	مغربین	6:57

یکم رمضان، اسرائیلی فورسز کی فائرنگ سے فلسطینی شہید

مقبوضہ بیت المقدس (اے ایف پی) اسرائیلی فورسز نے جمعرات کے روز فائرنگ کرکے

باقی صفحہ 10 نمبر 31

زلمے خلیل زاد کے پاکستانی سیاست میں ملوث ہونے پر مقتدر حلقوں کا نوٹس

کراچی (جنگ نیوز) مقتدر اداروں کے اعلیٰ عہدیداروں نے امریکن نژاد افغان شہری زلمے خلیل زاد کی پاکستان سے متعلق غیر نصابی اور غیر

باقی صفحہ 10 نمبر 57

کوٹری، ریلوے لائن کو دھماکے سے اڑانے کی کوشش، سلیپرز کو نقصان

کوٹری (پی پی آئی) کوٹری کے نواح میں بولہاری اسٹیشن کے قریب تخریب کاروں نے

باقی صفحہ 10 نمبر 44

مقبوضہ مغربی کنارہ: رمضان المبارک کے پہلے ہی دن سفاک اسرائیلی فورسز نے فلسطینی نوجوان شہید کردیا جس کی میت آخری آرام گاہ لے جائی جارہی ہے

ایسا کوئی مطالبہ نہیں کیا جس سے انتخابی عمل میں مداخلت ہو، آئی ایم ایف

اسلام آباد (مہتاب حیدر/ نیوز ڈیسک) آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ صوبائی انتخابات کے انعقاد کے لیے آئینی حیثیت، فزیبلٹی اور وقت صرف پاکستان کے اداروں کے ماتحت ہے اور پروگرام میں ایسا کوئی تقاضا نہیں ہے جس سے انتخابی عمل میں مداخلت ہو۔ آئی ایم ایف نے واضح کیا ہے کہ صوبائی انتخابات کے انعقاد لیے آئینی

باقی صفحہ 10 نمبر 24

عمران دہشت گرد بھی ہے کسی کو علم نہیں تھا، نواز شریف

حکومت نے تمام معاملات کی چھان بین کیلئے جے آئی ٹی بنادی، ایکشن ہونا چاہئے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف نے کہا ہے کہ عمران خان سے بڑا فراڈیا اور دہشت گرد پاکستان کی سیاست میں نہیں دیکھا، میڈیا سے گفتگو میں ان کا کہنا تھا کہ یہ دہشت گرد بھی ہے اس کا کسی کو علم نہیں تھا، انہوں نے کہا کہ

باقی صفحہ 10 نمبر 37

الیکشن کمیشن کے انکار کے بعد پرویز الٰہی حکومت بحال ہوگئی، اظہر صدیق

انتخابات ملتوی کرنے پر الیکشن کمیشن کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی نہیں ہوسکتی، جہانگیر جدون

حکومت اور PTI میں مذاکرات کے سوا چارہ نہیں، احمد بلال، 'کیپٹل ٹاک' میں حامد میر سے گفتگو

کراچی (ٹی وی رپورٹ) پی ٹی آئی کے وکیل اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پنجاب میں الیکشن کے التواء کا فیصلہ توہین عدالت ہے، الیکشن

باقی صفحہ 10 نمبر 20

سعودیہ ایران جنگ بندی، خطے میں پاکستان کی اہمیت بڑھ گئی، امریکی سفارتکار

زلمے خلیل زاد کے عمران خان کے حق میں بیانات امریکی پالیسیوں کی عکاسی نہیں کرتے، رابن رافیل

امریکہ نے پاکستان کی خیر خواہی کو پوری طرح خارجہ پالیسی کے حصے کے طور پر رکھا ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (صالح ظافر) سی آئی اے کی تجزیہ کار اور سابق امریکی سفارت کار رابن لین رافیل نے کہا ہے کہ چین کی ثالثی میں سعودی عرب اور

باقی صفحہ 10 نمبر 21

جمعہ 2 رمضان المبارک 2023 (کراچی کیلئے)		
افطار	......	6 بجکر 46 منٹ
ہفتہ 3 رمضان المبارک 25 مارچ 2023		
سحری	......	5 بجکر 13 منٹ
برائے فقہ جعفریہ		
افطار	......	6 بجکر 58 منٹ
سحری	......	5 بجکر 08 منٹ

وزیر قانون: عمران کسی تیسرے آپشن کیلئے حالات سازگار نہ کریں، ساتھ بیٹھ جائیں

الیکشن کمیشن کا فیصلہ بہترین، ملک معاشی بحران کے دہانے پر ہے، ان حالات میں انتخابات ہوئے تو یہ خونی الیکشن ہونگے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ نے الیکشن کمیشن کے دو صوبوں میں انتخابات موخر کرکے 8 اکتوبر کو کرانے کے فیصلے کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے معروضی حالات ایسے ہی فیصلے کے

باقی صفحہ 10 نمبر 53

اسپیکر قومی اسمبلی نے تحریک انصاف کی ایوان میں واپسی کی ایک اور درخواست مسترد کردی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے تحریک انصاف کی ایوان میں واپسی کی ایک اور درخواست مسترد کر دی۔ ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کے چیف

باقی صفحہ 10 نمبر 62

قانون نافذ کرنیوالے اداروں کو 1800 سی سی سے زیادہ گاڑیاں استعمال نہ کرنے کی ہدایت

پولیس، ایف آئی اے اور کسٹمز انٹیلی جنس کو کابینہ ڈویژن کا مراسلہ موصول، نوٹیفکیشن جاری، آج سے پابندی ہوگی

لاہور (ٹی وی رپورٹ، ایجنسیاں) وزیراعظم شہباز شریف نے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران کو 1800 سی سی سے زیادہ کی گاڑیاں استعمال نہ کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے کفایت

باقی صفحہ 10 نمبر 40

امریکا سے تعلقات کیلئے پی ٹی آئی کی ایک اور امریکی فرم سے معاہدے کا انکشاف

PTI نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کا بائیکاٹ کیوں ختم کیا؟

حکومت بآسانی "قانون سازی" اور ایجنڈے کی کارروائی "بطریق احسن" کر رہی ہے

اسلام آباد (فاروق اقدس/تجزیاتی رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے فیصلہ کیا ہے کہ پی ٹی آئی سے تعلق رکھنے والے

باقی صفحہ 10 نمبر 65

انتخابات آگے بڑھانے کا فیصلہ حکومت نہیں ECP کا ہے، اعظم تارڑ

پنجاب میں الیکشن ملتوی ہونے سے عمران خان بند گلی میں آ گئے ہیں، سہیل وڑائچ

آئی ایم ایف سے معاہدہ، حکومت کی دلچسپی کم، شہباز رانا، جیو پر شاہزیب سے گفتگو

کراچی (ٹی وی رپورٹ) جیو کے پروگرام "آج شاہزیب خانزادہ کے ساتھ" میں گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے

باقی صفحہ 10 نمبر 63

یوم پاکستان پرجوش و جذبہ، سول اعزازات کی تقریب

خرابی موسم، فوجی پریڈ ہفتے تک ملتوی

مزار اقبال پر گارڈز تبدیلی کی پروقار تقریب، ملتوی پریڈ اب کل ایوان صدر میں منعقد ہوگی

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) 23 مارچ قرارداد پاکستان پیش کیے جانے کے 83 سال مکمل ہونے پر ملک بھر میں ترقی، خوشحالی اور ملک کے

باقی صفحہ 10 نمبر 34

چین نے 2 ارب ڈالرز سیف ڈپازٹس کے رول اوور کی منظوری دیدی

وزیر خزانہ کی تصدیق، بیرونی مالیاتی ضروریات کیلئے یہ رول اوور IMF کی لازمی شرائط میں سے ایک تھی

اسلام آباد (مہتاب حیدر) چین نے ایک سال کیلئے 2 ارب ڈالرز سیف (اسٹیٹ ایڈمنسٹریشن آف فارن ایکسچینج) ڈپازٹس کے رول اوور کی

باقی صفحہ 10 نمبر 45

یوم پاکستان، امریکی ایوان نمائندگان میں پہلی بار قرارداد پیش

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) پاک-امریکہ تعلقات کی تاریخ میں پہلی بار 23 مارچ 2023 کو یوم پاکستان کے طور پر منانے کے حوالے سے

باقی صفحہ 10 نمبر 64

جب چاہے آئین جب چاہے اسمبلی توڑے، ایسا نہیں چل سکتا، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (ٹی وی رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے اپنے فیصلے سے ملک کو بڑے آئینی بحران سے

باقی صفحہ 10 نمبر 41

الیکشن کمیشن کسی صورت انتخابات کی تاریخ تبدیل نہیں کرسکتا، سپریم کورٹ بار

اسلام آباد (جنگ نیوز) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے پنجاب اسمبلی کے انتخابات اکتوبر تک ملتوی کرنے کی شدید مذمت کی ہے۔ ایک

باقی صفحہ 10 نمبر 39

اسرائیلی وزیراعظم کو ان فٹ قرار دیئے جانے کی شرائط سخت

مقبوضہ بیت المقدس (اے ایف پی) اسرائیلی پارلیمنٹ نے جمعرات کے روز ایک قانون منظور کرلیا جس کے تحت وزیراعظم کو ان

باقی صفحہ 10 نمبر 28

امریکا کے بعد انگلینڈ، ناروے اور سوئٹزر لینڈ نے بھی شرح سود بڑھا دی

لندن (اے ایف پی) امریکا کے بعد بینک آف انگلینڈ، ناروے اور سوئٹزر لینڈ نے بھی بڑھتی ہوئی مہنگائی سے نمٹنے کیلئے شرح سود میں اضافہ کردیا ہے، برطانیہ میں شرح سود 4.25، سوئٹزر لینڈ میں

باقی صفحہ 10 نمبر 47

جنگ کراچی
www.jang.com.pk
pr.khi@janggroup.com.pk
Fax:(021)-32636066
کراچی : 021-32637111
راولپنڈی : 051-5962444
لاہور : 042-36367480
ملتان : 061-4547970
کوئٹہ : 081-2843016
لندن : 0044-207-403-5833

گیس کی بندش سحری تیار نہ ہوسکی افطار میں پکوڑے سموسے کچے رہ گئے

روزہ کیسے رکھیں اور کھولیں شہری پریشان

کئی علاقوں میں افطار سے ایک گھنٹہ قبل ہی گیس بند ہوگئی، پریشر بھی بہت کم تھا، بندش کیخلاف شہری سراپا احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رمضان المبارک میں شہر کراچی میں گیس کی لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ نہیں ہوسکا، گیس کی بندش اور کم پریشر کے باعث سحری تیار نہ ہوسکی جبکہ افطار میں بھی پکوڑے اور سموسے کچے رہ گئے، اس صورتحال پر شہری پریشان ہوگئے کہ روزہ کیسے رکھیں اور کھولیں کیسے؟، کئی علاقوں میں افطار سے ایک گھنٹہ قبل ہی گیس ہوگئی جبکہ اس سے پہلے پریشر بھی بہت کم تھا، گیس کی بندش کیخلاف شہری سراپا احتجاج ہیں اور انہوں نے مظاہرے بھی کئے، تفصیلات کے مطابق جمعرات کو پہلے روزے میں ہی شہریوں کو سحری اور افطاری کی تیاریوں میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، کئی علاقوں میں افطار سے ایک گھنٹہ قبل ہی گیس بند ہوگئی جبکہ اس سے پہلے آنے والی گیس کا پریشر بھی بہت کم

باقی صفحہ 10 نمبر 14

کراچی میں صبح سویرے گرج چمک کیساتھ بارش، موسم خوشگوار

قوس قزح کے مناظر، متعدد علاقوں کی بجلی معطل، کئی سڑکوں پر پانی جمع، فلائٹ آپریشن متاثر

کراچی (اسٹاف رپورٹر / نیوز ایجنسیز) کراچی میں جمعرات کو صبح سویرے گرج چمک کے ساتھ بارش سے شہر کا موسم انتہائی خوشگوار ہوگیا،

باقی صفحہ 10 نمبر 22

عمران کی کارکنوں سے ملاقات' سحری انتظامات کا جائزہ لیا

زمان پارک میں نماز، قرآن خوانی اور تراویح کا بھی اہتمام کرنے کی ہدایت کی

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے رمضان المبارک کی پہلی سحری پر گھر سے باہر آکر کارکنوں کے ساتھ ملاقات

باقی صفحہ 10 نمبر 35

سعودی عرب، ایران کا سفارت خانے کھولنے کیلئے ملاقات پر اتفاق

دونوں ممالک کے وزراء خارجہ میں ٹیلی فونک رابطہ، ایک دوسرے کو رمضان کی مبارکباد بھی دی

ریاض (شاہد نعیم) سعودی عرب کے سرکاری ذرائع ابلاغ نے جمعرات کی صبح بتایا ہے کہ سعودی اور ایرانی وزرائے خارجہ کے درمیان جلد ملاقات ہوگی جس میں ایک دوسرے کے ملک میں سفارت اور قونصل خانے دوبارہ کھولنے کے لیے

باقی صفحہ 10 نمبر 7

امرت سنگھ کی گرفتاری کیخلاف بھارتی ہائی کمیشن کے سامنے ہزاروں سکھوں کا مظاہرہ

پرامن سکھ مظاہرین کو اشتعال دلانے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے، مشنز، میئر لندن اور وزیر داخلہ سے مطالبہ

لندن (مرتضیٰ علی شاہ) آسٹریلیا کے دو شہروں میں گزشتہ دو ماہ کے دوران خالصتان کے قیام کیلئے ہونے والے ریفرنڈم میں بڑی تعداد میں سکھوں کی شرکت کے بعد بھارت میں سکھوں کے خلاف کریک ڈاؤن اور جعلی الزامات میں سکھ رہنما امرت

باقی صفحہ 10 نمبر 8

الیکشن کمیشن مس کنڈکٹ کا مرتکب ہورہا ہے، اشتیاق احمد

پہلے فیصلہ کرلیں کہ اسمبلیاں درست تحلیل ہوئی ہیں یا نہیں ہوئیں، عظمیٰ بخاری

الیکشن کمیشن نے تو ہاتھ کھڑے کر دیئے، منصور علی، جیو کے آپس کی بات میں گفتگو

کراچی (ٹی وی رپورٹ) جیو کے پروگرام "آپس کی بات" میں میزبان منیب فاروق سے گفتگو کرتے ہوئے صدر لاہور ہائیکورٹ بار اشتیاق احمد

باقی صفحہ 10 نمبر 19

65 فیصد پاکستانی آنکھیں عطیہ کرنے کے حامی 24 فیصد مخالف، گیلپ پاکستان

45 فیصد اپنی آنکھیں عطیہ کرنے کیلئے بھی رضامند نظر آئے جبکہ 55 فیصد نے انکار کر دیا

کراچی (جنگ نیوز) گیلپ پاکستان کے سروے کے مطابق 65 فیصد پاکستانی آنکھیں عطیہ کرنے کے حامی، 24 فیصد مخالف ہیں، 45 فیصد اپنی آنکھیں عطیہ کرنے کیلئے بھی رضامند نظر آئے جبکہ 55 فیصد نے انکار کر دیا، تفصیلات کے مطابق پاکستان میں انسانی جان کو بچانے کے لیے اعضاء عطیہ کرنے کے بارے میں آگہی میں اضافہ ہو رہا ہے اور ہر 10 میں سے 6 پاکستانی آنکھوں کا عطیہ کرنے کی حمایت کرتا ہے، اس بات کا پتہ گیلپ

باقی صفحہ 10 نمبر 10

کیا اپنی آنکھیں مستحق لوگوں کو عطیہ کرنا اچھی بات ہے؟

ہاں	65%
نہیں	24%
کوئی جواب نہیں دیا	11%

پاکستان اور بھارت میں آزادی اظہار کی حالت زار پر امریکی سینیٹر کی تشویش

واشنگٹن (واجد علی سید) سینئر امریکی سینیٹر اور خارجہ تعلقات کمیٹی کے رکن کرس وان ہولر نے

باقی صفحہ 10 نمبر 9

صدر مملکت نے قیدیوں کی سزاؤں میں کمی کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (پی پی آئی) یوم پاکستان کے موقع پر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے قیدیوں کی سزا میں کمی کا اعلان کر دیا۔ ریڈیو پاکستان کے مطابق صدر مملکت کی جانب سے مختلف سطح کے قیدیوں کی سزائیں 90 دن کی کمی کی گئی ہے جن میں 65 سال سے زائد عمر کے مرد، 60 سال سے زائد عمر کی خواتین اور 18 سال سے کم عمر افراد شامل ہیں جو اپنی سزا کا ایک تہائی حصہ مکمل کر چکے ہیں تاہم یہ معافی قتل، جاسوسی، ملک دشمن سرگرمیوں، عصمت دری، چوری، ڈکیتی، اغواء، دہشت گردی اور ملکی خزانے کو نقصان پہنچانے کے جرائم میں ملوث قیدیوں کیلئے نہیں ہیں۔

احسن اقبال صدر علوی میں مکالمہ

اسلام آباد (محمد صالح ظافر خصوصی تجزیہ نگار) یوم پاکستان کے حوالے سے ایوان صدر میں تقسیم اعزازات کی تقریب کے اختتام پر منصوبہ بندی اور ترقیات کے وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال اور صدر مملکت عارف علوی کے درمیان اس وقت دلچسپ مکالمہ ہوا جب واپس جاتے ہوئے ان کے قریب رک گئے اور ہاتھ ملاتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی، احسن اقبال نے صدر کو بتایا کہ آپ کی اہلیہ مہمانوں کی صف میں ان کے برابر

باقی صفحہ 10 نمبر 66

لندن: برطانیہ میں رمضان المبارک پر پہلی بار پکاڈلی اسٹریٹ پر چراغاں کر دیا گیا ہے

رمضان المبارک، لندن میں پہلی بار اسٹریٹ روشن کر دی گئی

پورے رمضان یہ لائٹس روشن رہیں گی، میئر صادق خان کا افتتاح کے بعد انٹرویو

لندن (نمائندہ جنگ) رمضان المبارک کے آغاز کی خوشی میں سینٹرل لندن میں پکاڈلی کے مقام پر خوبصورت لائٹس لگائی گئی ہیں جس سے یہ

باقی صفحہ 10 نمبر 55

کراچی، خواتین کیلئے مخصوص پنک بس کو حادثہ

کراچی (جنگ نیوز) پنک بس شاہراہ فیصل پر فلائی اوور کی باؤنڈری وال سے ٹکرا گئی کراچی میں خواتین کیلئے خصوصی طور پر چلائی گئی پنک بس حادثے کا شکار ہوگئی، بس شارع فیصل پر فوزیہ وہاب فلائی اوور کی باؤنڈری وال سے ٹکرا گئی۔ سندھ حکومت کی جانب سے خواتین کیلئے مخصوص پنک بس کو شاہراہ فیصل پر حادثہ پیش آیا جہاں بس بارش کے

باقی صفحہ 10 نمبر 16

سندھ حکومت نے ہر سیکٹر میں بہترین کام کیا جو کسی اور نے نہیں کیا، شرجیل میمن

2018 میں عمران خان کو جعلی مینڈیٹ دیا گیا، میڈیا سے گفتگو، جوہر چورنگی فلائی اوور کی افتتاحی تقریب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر اطلاعات شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ تنقید کا نشانہ رہی ہے لیکن پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت نے ہر سیکٹر میں بہترین کام کر کے دکھائے وہ کسی اور سیاسی جماعت نے آج تک نہیں کیا۔ 2018 میں عمران خان کو جعلی مینڈیٹ دیا گیا اور پی ٹی آئی کے لوگ جعلی طریقے سے جیت کر آئے تھے،

باقی صفحہ 10 نمبر 15

ہتک عزت کیس، راہول گاندھی کو دو سال قید، 30 دن کی ضمانت بھی منظور

کانگریس کا فیصلے کو چیلنج کرنے کا اعلان، بھارتی اپوزیشن رہنما نے مودی ذات کو چوروں سے منسوب کیا تھا

نئی دہلی (نیوز ایجنسی، مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی عدالت نے اپوزیشن لیڈر اور کانگریس پارٹی کے رہنما راہول گاندھی کو ہتک عزت کے مقدمے میں مجرم قرار دیتے ہوئے دو سال قید کی سزا سنا دی، عدالت نے ان کی 30 دن کے لیے ضمانت بھی

باقی صفحہ 10 نمبر 48

دبئی: رمضان المبارک کے آغاز پر روایتی طور پر برج الخلیفہ کے سامنے توپیں داغ کر افطار کا اعلان کیا جارہا ہے (اے ایف پی)

امارات کی جانب سے رمضان المبارک میں مستحقین میں راشن کی تقسیم کا آغاز

کراچی (افضل ندیم ڈوگر) رمضان المبارک کے آغاز کے ساتھ ہی متحدہ عرب امارات کی جانب سے گزشتہ سالوں کی طرح پاکستان میں بھی مستحقین میں راشن کی تقسیم شروع کر دی گئی ہے۔ مادر ملت امارات شیخہ فاطمہ بنت مبارک کی جانب سے راشن کی تقسیم کا آغاز کاٹھوڑ سے کیا گیا ہے۔ شیخ حمدان گروپ کے ڈپٹی حمد بخیت عتیق الرومیتی اور حمدان بخیت عتیق الرومیتی نے تقسیم کا آغاز کیا۔ سندھ اور بلوچستان کے اضلاع میں ہزاروں خاندانوں کو راشن تقسیم کیا جائے گا۔ یو اے ای کی جانب سے 15 سال سے پاکستان بھر میں رمضان کے موقع پر

باقی صفحہ 10 نمبر 23

کراچی، رمضان کی آمد کیساتھ روایتی مہنگائی پھلوں کی قیمت آسمان پر

شہر بھر میں ٹھیلوں پر سرکاری نرخ نامے آویزاں نہیں اور پھل فروش من مانی قیمت پر فروخت کر رہے ہیں

سرکاری قیمت میں تین کی گردان، جسے موجودہ مالیاتی اور ادائیگی کے نظام کے تحت بھی عملدرآمد ممکن نہیں

کراچی (ٹی وی رپورٹ) رمضان کی آمد کے ساتھ ہی روایتی مہنگائی کے باعث پھلوں کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگی۔ پھلوں کا سرکاری نرخ نامہ تین کا پہاڑہ بن گیا، سرکاری قیمت میں تین کی گردان ہے جسے موجودہ مالیاتی اور ادائیگی کے نظام کے تحت بھی عملدرآمد ممکن نہیں۔ شہر بھر میں پھل کے ٹھیلوں پر سرکاری نرخ نامہ آویزاں نہیں اور پھل فروش من مانی قیمت پر فروخت کر رہے ہیں۔ کمشنر کراچی نے پھلوں کی سرکاری قیمت کا نرخ نامہ جاری کر دیا جس میں پھلوں کے نرخ عام دنوں سے بھی کم مقرر کی گئی، سرکاری نرخ نامے میں درجہ اول

باقی صفحہ 10 نمبر 11

KP' نگراں وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی ہدایت اللہ طوری مستعفی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کابینہ کے ایک رکن نے استعفیٰ دیا۔ نگران وزیر اعلیٰ اعظم خان کے

باقی صفحہ 10 نمبر 49

رمضان المبارک کا آغاز، بیکری آئٹمز کی نئی قیمتیں مقرر

دکانوں پر پرائس لسٹ آویزاں کرنا لازمی قرار، عمل نہ کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی، کمشنر کراچی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں بیکری آئٹمز کی نئی قیمتیں مقرر کر دی گئی ہیں اور دکانوں پر پرائس لسٹ آویزاں کرنا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ کمشنر کراچی نے دکانوں پر پرائس لسٹ آویزاں کرنا لازمی قرار دیتے ہوئے کہا کہ قیمتوں پر عمل نہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر کراچی نے

باقی صفحہ 10 نمبر 13

صوبائی اسمبلیوں کے الیکشن ملتوی امیدواروں کو زر ضمانت واپس کر دیا جائیگا

لاہور (مقصود اعوان) پنجاب اسمبلی کا 30 اپریل کو ہونیوالا انتخاب ملتوی ہونے کے بعد

باقی صفحہ 10 نمبر 30

اس سال عام انتخابات بھی ہوتے نظر نہیں آرہے، تجزیہ کار

عمران خان پر کسی تیسرے فریق نے بھی حملہ کیا تو الزام وفاقی اداروں پر ہی آئیگا

بینظیر شاہ، منیب فاروق، مظہر عباس، حفیظ نیازی کی جیو کے رپورٹ کارڈ میں گفتگو

کراچی (ٹی وی رپورٹ) جیو کے پروگرام "رپورٹ کارڈ" میں میزبان علینہ فاروق شیخ کے پہلے سوال پی ڈی ایم حکومت یا عمران خان میں سے کس کا موقف درست ہے؟ کا جواب دیتے ہوئے تجزیہ کاروں نے کہا کہ ن لیگ عوام میں اپنا سیاسی سرمایہ بہت حد تک گنوا چکی ہے، عمران خان اس وقت مقبولیت کے عروج پر ہیں، ایک دوسرے

باقی صفحہ 10 نمبر 12

خیبر پختونخوا حکومت نے تربیلا اور دیگر بجلی گھروں کا کنٹرول مانگ لیا

پیسکو پہلے ہی 200 ارب روپے کے خسارے میں ہے، 2 روز میں وفاق کے اجلاس میں تحفظات رکھے جائیں گے، نگران حکومت

پشاور (نمائندہ جنگ) پشاور الیکٹرک سپلائی اور ٹرائبل الیکٹرک سپلائی کمپنی خیبر پختونخوا حکومت کے سپرد کرنے کے معاملے پر نگراں حکومت نے پیسکو اور ٹیسکو کا انتظام سنبھالنا پاور ہاؤسز سے مشروط کر دیا۔ خیبر پختون خوا حکومت کے ذرائع نے بتایا کہ پیسکو اور ٹیسکو بہت زیادہ خسارے میں ہیں، موجودہ صورت حال میں کے پی حکومت ان کا انتظام لینے کو تیار نہیں ہے۔ ذرائع کے مطابق کے پی حکومت کا موقف ہے کہ پیسکو اور ٹیسکو دینا ہے تو تربیلا اور دیگر بجلی گھروں کا کنٹرول بھی دیا جائے، صرف مینجمنٹ صوبے کو دے کر مشکل میں نہ ڈالا

باقی صفحہ 10 نمبر 36

چارسدہ، مفت آٹا تقسیم، بھگدڑ سے ایک شخص جاں بحق، درجنوں بچے اور عورتیں زخمی

تھانہ میں جیسے ہی آٹے کی تقسیم شروع ہوئی تو ہزاروں کی تعداد میں مردوں نے سلاخوں اور گیٹ کو پھلانگ کر خواتین پوائنٹ پر ہلہ بول دیا

چارسدہ، تھانہ (نمائندگان جنگ) چارسدہ (آئی این پی) چارسدہ میں مفت سرکاری آٹے کی تقسیم کے دوران بھگدڑ مچنے سے 40 سالہ شخص جاں بحق ہوگیا، درجنوں بچے اور عورتیں زخمی ہوگئیں، تھانہ میں جیسے ہی آٹے کی تقسیم شروع ہوگئی تو ہزاروں کی تعداد میں مردوں نے سلاخوں اور گیٹوں کو پھلانگ کر خواتین پوائنٹ پر ہلہ بول دیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق چارسدہ کے سستا بازار میں مفت سرکاری آٹے کی تقسیم کے دوران بھگدڑ مچ گئی۔ بھگدڑ اور دھکم پیل سے متعدد افراد زخمی ہوئے، چار زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال چارسدہ منتقل کیا گیا، جہاں ایک زخمی دم توڑ گیا۔

افطار میں غیر معیاری اشیاء کھانے سے امراض پھیل سکتے ہیں، ڈاکٹرز

شہری اعتدال سے کام لیں، گلہ خراب ہوجائے تو تلی ہوئی اور زیادہ میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں

کراچی (بابر علی اعوان / اسٹاف رپورٹر) ماہرین صحت نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ افطار میں غیر معیاری مشروبات، بازاری پکوڑوں اور ٹھنڈی و کھٹی اشیاء کے استعمال سے گلے و پیٹ کے امراض پھیل سکتے ہیں اس لئے شہری اعتدال سے کام لیں، کھانے پینے کی صفائی کا خیال رکھیں، اگر گلہ خراب ہوجائے تو تلی ہوئی، زیادہ میٹھی اور ٹھنڈی چیزوں کے ساتھ غیر معیاری بازاری اشیاء سے بھی پرہیز کریں۔ جناح اسپتال کراچی کے شعبہ امراض

باقی صفحہ 10 نمبر 56

امریکی جہاز کو اپنی سمندری حدود سے نکال دیا، چین، امریکا کی تردید

چینی پانیوں میں داخل ہونے پر انتباہ کیا، بیجنگ، عالمی قانون کے مطابق آپریٹ کرتے رہیں گے، واشنگٹن

بیجنگ (جنگ نیوز) چین کی فوج نے کہا ہے کہ جمعرات کو ایک امریکی بحری جہاز متنازع پانیوں میں گھسا جس کو انتباہ کیا گیا کہ فوری طور پر وہاں سے چلا جائے، دوسری جانب امریکا نے چینی دعوے کو جھوٹ قرار دیا ہے، امریکی فوجی کی انڈو پیسفک کمانڈ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ جہاز بحیرہ جنوبی چین میں معمول کے مطابق سفر کر رہا ہے اور اس کو نہیں نکالا گیا ہے اور آپریٹ کرتے رہیں گے۔

لاہور، کمرشل عمارتوں کے لیے چھتوں پر باغبانی لازمی قرار

شہر میں شجر کاری کے فروغ کیلئے پنجاب حکومت نے عمل درآمد شروع کر دیا

لاہور (آئی این پی) لاہور کو سرسبز و شاداب بنانے کا مشن، صوبائی دارالحکومت میں کمرشل عمارتوں پر باغبانی لازمی قرار دے دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کو سرسبز و شاداب بنانے، ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور لاہور ہائیکورٹ کے اسموگ کے تدارک کیلئے دیئے گئے احکامات کو بجالانے کیلئے ایل ڈی اے نے بڑا فیصلہ کر لیا۔ شہر میں شجرکاری کے فروغ کیلئے پنجاب حکومت نے عمل درآمد شروع کر دیا، لاہور میں کمرشل عمارتوں کیلئے روف ٹاپ گارڈننگ لازمی قرار دے دی گئی۔

الیکشن کمیشن کا پنجاب میں انتخابات ملتوی کرنا ناقابل قبول، سراج الحق

حکومت اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں 50 فیصد کمی کرے، مہنگائی نے عوام کا جینا محال کر دیا، خطاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کا پنجاب میں انتخابات ملتوی کرنا ناقابل قبول ہے، ادارہ تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے فیصلہ کرے، حکومت اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں 50 فیصد کمی کرے، مہنگائی نے عوام کا جینا محال کر دیا، کسی سیاسی پارٹی کے پریشر میں آئے بغیر الیکشن کمیشن غیر جانبداری کا ثبوت دے اور اپنا آئینی کردار ادا کرے، پورے ملک میں ایک ہی روز انتخابات کرائے جائیں تاکہ سیاسی بے یقینی ختم ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں مرکزی و صوبائی ذمہ داران، پارلیمانی بورڈ اور منشور کمیٹی کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔

"احساس رمضان" کی خصوصی نشریات کا جیوٹی وی پر آغاز

کراچی (جنگ نیوز) ہر سال کی طرح اس سال بھی "جیوٹی وی" نے اپنے ناظرین کیلئے ماہ رمضان کا خصوصی اہتمام کر دیا ہے۔ "احساس رمضان" کے عنوان سے سحر و افطار کی خصوصی

باقی صفحہ 10 نمبر 17

یکم رمضان سے "جیوٹی وی" پر 2 بڑے ڈراموں "ہیر دا ہیرو" اور "تیرے آنے سے" کا شاندار آغاز

کراچی (جنگ نیوز) جیو ٹیلی ویژن کے شائقین کی دلچسپیوں کے پیش نظر "سیونتھ اسکائی

باقی صفحہ 10 نمبر 18

میرپور خاص، ہندو دیوتا کی توہین کے الزام میں صحافی گرفتار

میرپور خاص (پی پی آئی) ہندو دیوتا شری ہنومان کی توہین کے الزام میں سندھ پولیس نے توہین مذہب کے قانون کے تحت ایک صحافی کو گرفتار کر لیا ہے۔ اس سلسلے میں میرپور خاص کے تھانہ سیٹلائٹ میں مقدمہ بھی درج کر لیا گیا ہے۔ برطانوی ریڈیو کے مطابق شکایت کنندہ ریش کمار جولوہانہ پنچایت میرپور خاص کے نائب صدر ہے نے اپنی شکایت میں کہا کہ بھگوان ہنومان کی تصویر شیئر کر کے صحافی نے ہندوؤں کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچائی۔

کوہاٹ، مدرسہ مہتمم اور امام مسجد نے طالبہ کو زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ کے دور افتادہ دیہی علاقہ میں واقع دینی مدرسہ کے نوجوان مہتمم اور بدبخت امام مسجد نے مبینہ طور پر اپنی ہوس بجھانے کیلئے 13 سالہ طالبہ کو مسجد سے پیوست کمرے میں جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا، پولیس نے میڈیکل رپورٹ مثبت آنے پر مبینہ ملزم کو حراست میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

گوجرانوالہ، زیر حراست ملزم کو تھانے میں SHO نے گولی مار کر قتل کر دیا

گوجرانوالہ (نمائندہ جنگ) گوجرانوالہ کے تھانہ پیپلز کالونی کے ایس ایچ او صفدر عطاء بھٹی نے محرر کی معاونت سے موٹر سائیکل چوری کے شبہ میں تھانے میں زیر حراست مبینہ ملزم عابد کو گولی مار کر قتل کر دیا۔ قتل کیخلاف مقتول کے لواحقین نے شدید احتجاج کرتے ہوئے تھانے کا گھیراؤ کر لیا اور شدید نعرے بازی کی۔